2025-07-10

Hrs 08.30

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

------------------------------------------------------------

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ افریقہ کو محض خام مال کے ذریعے کے طور پر نہیں بلکہ قدر میں اضافے اور پائیدار ترقی کی قیادت کرنے والے برِاعظم کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔

2- وزیر اعظم نے 5 ملکوں، گھانا، ٹرینڈاڈ اینڈ ٹوبیگو، ارجنٹینا، برازیل اور نمیبیا کا کامیاب دورہ مکمل کر لیا ہے۔

3- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج رانچی میں، مشرقی زونل کونسل کی 27 ویں میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

4- بھارتی محکمہئ موسمیات نے، اگلے دو روز کے دوران مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور وِدربھ کے علاقوں میں شدید بارش سے متعلق اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

5- ٹینس کھلاڑی نوواک جوکووِچ، ریکارڈ چودھویں مرتبہ ومبلڈن کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ سیمی فائنل میں جوکووِچ کا مقابلہ Jannik Sinner سے ہوگا۔

6- اور خواتین کرکٹ میں، بھارتی ٹیم نے کل کھیلے گئے چوتھے T-20 بین الاقوامی میچ میں میزبان انگلینڈ کو 6 وکٹ سے ہرا کر 5 میچوں کی سیریز تین-ایک سے جیت لی ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Namibian Parliament

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ افریقہ کو صرف خام مال کے ایک ذریعے کے طور پر نہیں، بلکہ قدر میں اضافے اور پائیدار ترقی کی قیادت کرنے والے براعظم کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔ نمیبیا کی پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے افریقی یونین کے ایجنڈا 2063، خاص طور پر اس کے صنعتی اہداف کے لیے بھارت کی مضبوط حمایت کا اعادہ کیا۔ جناب مودی نے دفاع اور سکیورٹی جیسے اہم شعبوں میں باہمی تعاون کو وسعت دینے کے بھارت کے عزم کا اعادہ کیا۔

S/B PM  African Union

اجتماعی کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے وزیر اعظم نے افریقی ممالک پر اپنی مقامی شناخت کو محفوظ رکھتے ہوئے اقتدار کے ذریعے نہیں بلکہ شراکت داری کے ذریعے مستقبل کی تعمیر کرنے پر زور دیا۔

انہوں نے کہا کہ بھارت عالمی خطہ جنوب کے بارے میں کافی فکر مند ہے اور صرف انفرادی طور پر نہیں بلکہ دنیا کے ساتھ مل کر بڑھنے میں یقین رکھتا ہے۔

S/B PM Global South

جناب مودی نے مزید کہا کہ بھارت-افریقہ شراکت داری کی حقیقی قدر، مشترکہ ترقی اور مشترکہ مقصد میں مضمر ہے۔ وزیر اعظم نے اس بات کا اعادہ کیا کہ بھارت مقامی ہنرمندیوں کے فروغ، گھریلو ملازمتیں پیدا کرنے اور افریقہ میں مقامی اختراعات کی حوصلہ افزائی کے لیے سرمایہ کاری جاری رکھے گا۔

S/B PM India Africa

وزیر اعظم مودی نے اس بات کا اعادہ کیا کہ بھارت افریقی نوجوانوں کی صلاحیت سازی اور نمیبیا میں حفظانِ صحت کے بنیادی ڈھانچے کی توسیع پر اپنی توجہ مرکوز رکھے گا۔

انہوں نے اجاگر کیا کہ کُل صنعت کاری، صحت اور ڈجیٹل تعاون کے شعبوں سمیت جن معاہدوں پر دستخط کیے گئے، اُن سے دو طرفہ تعلقات کو کافی تقویت ملے گی-x

PM Namibia Round Up

وزیر اعظم نریندر مودی نے 5 ملکوں، گھانا، ٹرینڈاڈ اینڈ ٹوبیگو، ارجنٹینا، برازیل اور نمیبیا کا کامیاب دورہ مکمل کر لیا ہے۔ اپنے دورے کے آخری مرحلے میں وزیر اعظم نریندر مودی کی موجودگی میں، بھارت اور نمیبیا نے دو مفاہمت ناموں پر دستخط کیے۔ اِن میں نمیبیا میں اینٹرپرونیئرشپ ترقیاتی مرکز قائم کرنے اور صحت اور ادویات کے شعبے میں تعاون شامل ہیں۔ اس کے علاوہ تین اہم اعلانات بھی کیے گئے ہیں، جن میں نمیبیا میں اس سال ڈیجیٹل ادائیگی نظام کا آغاز، بھارت کی قیادت والے قدرتی آفات سے نمٹنے کے بنیادی ڈھانچے والی عالمی پہل اور حیاتیاتی ایندھن کا عالمی اتحاد میں نمیبیا کا داخلہ شامل ہیں۔ وزیر اعظم کے دورے کے تناظر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزارتِ خارجہ میں مشرقی خطّے کے سکریٹری دمّو روی نے بتایا کہ وزیر اعظم مودی اور نمیبیائی صدر Netumbo Nandi-Ndaitwah کے درمیان کل وِنڈ ہوک میں ہوئی وفود کی سطح کی بات چیت کے دوران مختلف موضوعات پر تبادلہئ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے دہشت گردی کی مذمت اور کثیر جہتی اداروں کی اصلاحات جیسے موضوعات پر بھی بات چیت کی۔

S/B - Dammu Ravi

پیش ہے وزیراعظم کے نامیبیا دورے سے متعلق ہمارے نمائندے کی خصوصی رپورٹ

Rev. Amist Shah EZC Meeting

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج رانچی میں، مشرقی زونل کونسل کی 27 ویں میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ اس میٹنگ میں 4 مشرقی ریاستوں، جھارکھنڈ، بہار، اُڈیشہ اور مغربی بنگال کے 70 مندوبین شرکت کریں گے۔ اس دوران اُڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی، نائب وزیر اعلیٰ پاروتی پریدا اور ریاستی وزیر مُکیش مہا لنگم اُڈیشہ کی نمائندگی کریں گے۔ وہیں بہار کے نائب وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری اور ریاستی وزیر وِجے چودھری، بہار کی نمائندگی کریں گے۔ اسی طرح مغربی بنگال کی نمائندگی ریاستی وزیر چندریکا بھٹّاچاریہ کریں گی۔ جھارکھنڈ کی نمائندگی وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین، اپنے چیف سکریٹری، داخلہ سکریٹری، DGP اور دیگر افسران کے ساتھ کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Shilpi

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سخت حفاظتی انتظامات کے درمیان کل رات رانچی پہنچے، جہاں وہ مشرقی زونل کونسل EZC کی 27 ویں میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ مشرقی زونل کونسل کی میٹنگ کے دوران جنسی جرائم سے متعلق کیسز کی تیز جانچ اور اُن کے ازالے کے لیے خصوصی فاسٹ ٹریک عدالتیں قائم کرنے جیسے مختلف موضوعات پر تبادلہئ خیال کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ ہر گاؤں میں بینکنگ خدمات فراہم کرنے اور ہنگامی حالات کی صورت میں ردِّ عمل کا نظام نافذ کرنے پر بھی بات چیت ہوگی۔ ساتھ ہی بہار، اُڈیشہ اور مغربی بنگال کے درمیان زیر التوا بین ریاستی معاملات پر بھی تبادلہئ خیال ایجنڈے میں شامل ہے۔ اس کے علاوہ کونسل کی پچھلی میٹنگوں میں لیے گئے فیصلوں پر کی جا رہی عمل آوری کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔

ریاستی حکومت کی جانب سے 20 سے زیادہ ایجنڈوں کو قطعی شکل دی گئی ہے، تاکہ تعلیم، صحت، بجلی، شہری منصوبہ بندی اور امدادِ باہمی کے نظام کو مستحکم کرنے پر بات چیت کی جا سکے۔ اس دوران جھارکھنڈ حکومت، مرکز سے کوئلہ کانوں سے رائلٹی کی شکل میں ملنے والی ایک لاکھ 36 ہزار کروڑ روپے کی بقایہ رقم کا مطالبہ بھی پیش کر سکتی ہے۔ جھارکھنڈ حکومت، ماضی میں بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ اپنے 14 ضلعوں کو فہرست سے نکال دیے جانے کے بعد اِن مقامات کے لیے سلامتی سے متعلق اخراجات، SRE کی بحالی کا بھی مطالبہ کر سکتی ہے۔ میٹنگ میں بہار کے ساتھ اثاثوں اور ذمہ داریوں کے اشتراک اور مغربی بنگال کے ساتھ پانی کی تقسیم کے معاملات پر بھی تبادلہئ خیال کیا جانے کا امکان ہے

رانچی سے Shilpi کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............محمد عمار

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

Sitharaman NBFC

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے غیر بینکاری مالیاتی کمپنیوں NBFCs پر زور دیا ہے کہ وہ گورننس، رسک مینجمنٹ اور صارفین کے تحفظ کو اپنے بنیادی اصولوں اور اقدار کا حصہ بنائے۔

نئی دلی میں NBFC سمپوزیم 2025 سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ جیسے جیسے غیر بینکاری مالیاتی کمپنیوں کا ماڈل مضبوط ہو رہا ہے، رسک مینجمنٹ پر توجہ بڑھنی چاہیے۔ محترمہ سیتا رمن نے اجاگر کیا کہ NBFC سیکٹر کی بنیادیں مضبوط سرمایہ، مستحکم منافع کی شرح، آمدنی اور نقصانات کی کم شرح پر مبنی ہیں۔

SB Sitharaman  Byte-1

محترمہ سیتارمن نے مزید کہا کہ بینک کے قرضے پر خطرے میں کمی کے اقدامات اور مالی حالات میں نرمی جیسے حالیہ انضبا طی اقدامات سے توقع ہے کہ قرضوں کے امکانات کو مزید بہتر بنایا جاسکے گا اور اس شعبے کے لیے مجموعی مالیاتی منظر نامے کو کافی تقویت ملے گی۔

انہوں نے غیر بینکاری مالیاتی کمپنیوں اور بینکوں کے درمیان وسیع تعاون کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

S/B Sitharaman Byte-2

Railway Jobs

تقرریوں سے متعلق ایک بڑے قدم کے طور پر بھارتی ریلویز نے مالی برس 2025-26 کی پہلی سہ ماہی میں 9 ہزار سے زیادہ تقرر نامے جاری کیے ہیں۔ ریلوے کے محکمے نے کہا ہے کہ وہ موجودہ مالی برس کے آخر تک پچاس ہزار سے زیادہ ملازمتیں فراہم کرے گا۔

نومبر 2024 سے ریلوے بھرتی بورڈ RRB نے کُل55 ہزار 197 آسامیوں کا احاطہ کرتے ہوئے 7 مختلف نوٹیفکیشن کے ذریعے ایک کروڑ 86 لاکھ سے زیادہ امیدواروں کا کمپیوٹر پر مبنی امتحانات کا انعقاد کیا ہے-x

IMD Weather

بھارتی محکمہئ موسمیات IMD نے مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور وِدربھ کے علاقوں میں اگلے دو روز کے دوران گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آج ملک کے شمالی اور مشرقی حصوں میں شدید سے اوسط بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ اِن علاقوں میں جموں و کشمیر، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش اور مشرقی اترپردیش شامل ہیں۔

موسمیات کے محکمے نے کہا کہ اِس مہینے کی 15 تاریخ تک مشرقی راجستھان اور اتراکھنڈ کے علاقوں میں شدید سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔

IMD نے اگلے چھ روز کے دوران ملک کے شمال مشرقی علاقوں، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تری پورہ میں اسی طرح کے موسم رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

موسمیات کے محکمے نے آج کیرالہ اور کرناٹک کے ساحلی علاقوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

گل شام دلی میں مانسون کی بارش ہوئی، جس سے لوگوں کو حبس سے کافی راحت ملی۔ شدید بارش کے تناظر میں مختلف علاقوں میں پانی بھرنے اور گاڑیوں کی آمدروفت متاثر ہونے کی خبر ملی۔x

## Trump Tariffs

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 8 ممالک کی برآمدات پر نئے محصولات عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اِن ممالک میں، برازیل، سری لنکا، الجیریا، عراق، لیبیا، فلیپنس، مول دووا اور برونئی شامل ہیں۔ اِن ممالک پر نئے محصولات کا نفاذ ایک اگست سے ہوگا۔ اعلان کے مطابق برازیل پر سب سے زیادہ 50 فیصد محصولات عائد کیے گئے ہیں۔ اِن ممالک کو صدر ٹرمپ کی جانب سے بھیجے گئے خطوط میں کہا گیا ہے کہ سری لنکا، عراق، الجیریا اور لیبیا سے درآمد کی گئی اشیاء پر امریکہ 30 فیصد محصول عائد کرے گا۔ مول دووا اور برونئی کو 25 فیصد جبکہ فلیپنس کو 20 فیصد محصول ادا کرنا ہوگا۔

اِن خطوط میں جناب ٹرمپ نے، انتباہ دیا ہے کہ اگر یہ ممالک امریکہ سے درآمد کی گئی مصنوعات پر عائد محصول میں اضافہ کرتے ہیں، تو امریکہ بھی اُسی شرح پر اُن کی مصنوعات پر محصول عائد کرے گا۔ دوسری جانب امریکی صدر نے اشارہ دیا ہے کہ اگر یہ ممالک اپنی تجارتی پالیسیوں پر نظرِ ثانی کرتے ہیں، تو وہ اِن محصولات میں کٹوتی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔×

## Srilanka Tariffs

امریکہ نے، سری لنکا کی درآمدات پر اگلے مہینے کی ایک تاریخ سے نافذ ہونے والی مجوزہ محصولات کو 44 فیصد سے گھٹا کر 30 فیصد کر دیا ہے۔ یہ فیصلہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی وسیع تر تجارتی پالیسی کے حصے کے طور پر لیا گیا ہے، جن میں اس سال مئی میں واشنگٹن میں ہوئی بات چیت سمیت اعلیٰ سطحی مذاکرات شامل ہیں۔

ایک طرف جہاں، محصولات میں کمی سے کچھ راحت ملنے کی امید ہے، تو وہیں دوسری جانب نئے محصولات سے سری لنکا کی معاشی بازیابی، جو کہ برآمداتی نمو پر منحصر ہے، پر بڑا بوجھ پڑنے کا امکان ہے۔ محصولات کے اعلان پر ردِّ عمل ظاہر کرتے ہوئے

سری لنکا کے نائب وزیر خارجہ اورن ہیم چندر نے کہا کہ یہ سری لنکا کے لیے مثبت لمحہ ہے۔×

## US Sanctions UNHRC

امریکہ نے اقوام متحدہ کی انسانی حقوق سے متعلق خصوصی پیش کار فرانسیسکا البنیز پر پابندیاں عائد کر دی ہیں۔ البنیز نے امریکی اور اسرائیلی شہریوں پر مقدمات چلانے کی بین الاقوامی فوجداری عدالت، ICC کی کوششوں کی حمایت کی تھی۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا کہ امریکی اور اسرائیلی حکام، کمپنیوں اور افسران کے خلاف ICC کے اقدامات کو بڑھاوا دینے کی غیر قانونی اور شرمناک کوششوں کی بنا پر وہ فرانسیسکا البنیز کے خلاف پابندیاں عائد کر رہے ہیں۔ امریکی وزیر خارجہ نے الزام لگایا کہ البنیز، اقوام متحدہ میں کسی رول کی ادائیگی کے لیے نامناسب ہیں۔ فرانسیسکا البنیز، غزہ میں اسرائیل کی فوجی کارروائیوں پر کھل کر تنقید کرتی رہی ہیں۔×

## Jitendra Grievances

عملے، عوامی شکایات اور پینشن کے مرکزی وزیر مملکت جتندر سنگھ نے عوامی شکایات کے انتظام میں بنیادی تبدیلی کا مطالبہ کیا ہے۔

انھوں نے شکایات کے ازالہ میں محض تصفیہ سے اوپر اٹھ کر شہریوں کے اطمنان کو یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔

نئی دلی میں ایک قومی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ عوامی شکایات کو پالیسی اور انتظامی ضوابط میں نقائص کی نشاندہی کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔

انھوں نے کہا کہ شکایات کے ازالہ کا نظام ایسا ہو جس سے ایک منظم اصلاح اور زندگی گزارنے میں آسانی کو یقینی بنایا جاسکے۔×

## Wimbledon Tennis

ومبلڈن ٹینس میں سربیا کے کھلاڑی نوواک جوکووِچ، اٹلی کے کھلاڑی Flavio Cobolli کو ہراکر ریکارڈ چودھویں مرتبہ مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے گل آل انگلینڈ کلب میں، اپنے حریف کھلاڑی کو تین۔ایک سے ہرایا۔ اب سیمی فائنل میں جوکووچ کا مقابلہ اٹلی کے عالمی نمبر ایک کھلاڑیJannik Sinner سے ہوگا۔

Sinner نے کوارٹر فائنل میں امریکہ کے دسویں درجے کے کھلاڑیBen Shelton کو تین۔صفر سے ہرایا۔ اسی دوران ومبلڈن کے پچھلے دو فائنل میں جوکووِچ کو شکست دینے

والے کھلاڑی Carlos Alcaraz کا مقابلہ کَل دوسرے سیمی فائنل میں امریکہ کے پانچویں درجے کے کھلاڑی Taylor Fritz سے ہوگا۔

دفاعی چیمپین Carlos Alcaraz، برطانیہ کے کھلاڑی Cameron Norrie کو ہراکر سیمی فائنل میں پہنچے ہیں۔

خواتین کے سنگلز میں عالمی نمبر ایک کھلاڑی Iga Swiatek، اُنیسویں درجے کی کھلاڑی

Liudmila Samsonoava کو چھ دو، سات۔ پانچ سے ہراکر پہلی مرتبہ ومبلڈن کے سیمی فائنل میں پہنچی ہیں۔ اب سیمی فائنل میں اُن کا مقابلہ سوئٹزر لینڈ کی کھلاڑی Belinda Bencic سے ہوگا۔x

Women Cricket IND VS Eng

خواتین کرکٹ میں، بھارتی ٹیم نے کل رات Emirates اولڈ ٹریفرڈ میں کھیلے گئے، چوتھے T20 بین الاقوامی میچ میں میزبان انگلینڈ کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔ اس طرح بھارت کی خواتین ٹیم نے 5 میچوں کی سیریز تین-ایک سے جیت لی ہے۔

پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے انگلینڈ نے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ کے نقصان پر 126 رن بنائے۔ جواب میں بھارتی ٹیم نے محض 17 ویں اوور میں 4 وکٹ کھو کر یہ نشانہ حاصل کر لیا۔ بھارت کی جانب سے سلامی بلّے باز اسمرتی مندھانا نے 32 اور شیفالی ورما نے 31 رن بنائے۔

کپتان ہرمن پریت کور کی قیادت والی بھارتی ٹیم نے نوٹنگھم میں ہوئے پہلے میچ کو 97 رن سے جیت کر سریز کی بہترین شروعات کی تھی۔

اس کے بعد برسٹل میں ہوا دوسرا میچ بھی بھارت نے اپنے نام کیا۔ لندن میں ہوئے تیسرے میچ کو صرف 5 رن سے جیت کر انگلینڈ نے اپنی امیدیں زندہ رکھیں۔ تاہم کل کھیلا گیا چوتھا میچ جیت کر بھارت نے یہ سیریز اپنے نام کر لی ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: محمد عمار

شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی دلّی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے بھارت اور نمیبیا کے درمیان مختلف شعبوں میں مفاہمت ناموں سے متعلق خبر کو صفحہئ اوّل پر جگہ دی ہے اخبار کے مطابق یہ وزیر اعظم مودی کا پہلا اور کسی بھارتی وزیر اعظم کا نمیبیا کا تیسرا دورہ ہے۔

رونامہ انقلاب نے سعودی ولی عہد شہزادے محمد بن سلمان اور ایران کے وزیر خارجہ عباس عراگچی کے درمیان جدہ میں ہوئی ملاقات کو خصوصی جگہ دی ہے۔ مشرقی وسطیٰ کی دو بڑی طاقتوں کے درمیان اس رابطے کو کافی اہم سمجھا جا رہا ہے۔

رونامہ ملاپ نے بھارتی نژاد صبیح خان کو عالمی شہرت یافتہ کمپنی Apple کا نیا COO نامزد کیے جانے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اخبار کے مطابق صبیح خان، گزشتہ 30 سال سے Apple سے وابستہ ہیں اور اس وقت آپریشنز کے سینئر نائب صدر کے طور پر فرائض انجام دے رہے ہیں۔

روزنامہ پرتاپ نے قومی راجدھانی دلّی اور نوئیڈا میں گزشتہ روز ہوئی موصلا دھار بارش کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ کل شام ہوئی بارش سے نشیبی علاقوں میں پانی بھر گیا۔ تاہم اس بارش سے شدید گرمی سے کچھ راحت ملی ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ افریقہ کو محض خام مال کے ذریعے کے طور پر نہیں بلکہ قدر میں اضافے اور پائیدار ترقی کی قیادت کرنے والے براعظم کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔

2- وزیر اعظم نے 5 ملکوں، گھانا، ٹرینڈاڈ اینڈ ٹوبیگو، ارجنٹینا، برازیل اور نمیبیا کا کامیاب دورہ مکمل کر لیا ہے۔

3- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج رانچی میں، مشرقی زونل کونسل کی 27 ویں میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

4- بھارتی محکمہئ موسمیات نے، اگلے دو روز کے دوران مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور وِدربھ کے علاقوں میں شدید بارش سے متعلق اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

5- ٹینس کھلاڑی نوواک جوکووِچ، ریکارڈ چودھویں مرتبہ ومبلڈن کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ سیمی فائنل میں جوکووِچ کا مقابلہ Jannik Sinner سے ہوگا۔

6- اور خواتین کرکٹ میں، بھارتی ٹیم نے کل کھیلے گئے چوتھے T-20 بین الاقوامی میچ میں میزبان انگلینڈ کو 6 وکٹ سے ہرا کر 5 میچوں کی سیریز تین-ایک سے جیت لی ہے۔